# یہُوداہؔ
# کا خط

1 حضرت یہُوداہؔ کی جانِب سے جو یِسوعؔ المسیح کا خادِم اَور
حضرت یعقوب کے بھائی ہیں،
خُدا باپ کی طرف سے بُلائے ہوئے لوگوں کے نام خط جِن
سے خُدا نے مَحَبّت کی اَور یِسوعؔ المسیح کے لئے محفوظ رکھا ہے۔
2 تُمہیں رحم، اِطمینان اَور مَحَبّت کثرت سے حاصل ہوتا رہے۔

## گُناہ اَور بے دین لوگوں کا اَنجام

3 عزیز دوستوں! جَب مَیں تُمہیں اُس نَجات کے بارے میں لکھنے
کا بےحد مُشتاق تھا جِس میں ہم سَب شامل ہیں تو مَیں نے تُمہیں یہ
نصیحت لِکھنا ضروُری سمجھا تا کہ تُم اُس ایمان کے لئے پُوری جدّوجہد
کرو جو خُدا کے مُقدّسین کو ایک ہی بار ہمیشہ کے لئے سونپا گیا ہے۔
4 کیونکہ بعض لوگ چوری چھپے تمہارے درمیان بھی گھُس آئے
ہیں جِن کی سزا کا بَیان قدیم زمانہ سے ہی کِتابِ مُقدّس میں درج کر
دیا گیا تھا۔ یہ لوگ بے دین ہیں اَور ہمارے خُدا کے فضل کو اَپنی
شہوت پرستی سے بدل ڈالتے ہیں اَور ہمارے واحد، خُود مُختار آقا یعنی
خُداوَند یِسوعؔ المسیح کا اِنکار کرتے ہیں۔
5 پس اگرچہ تُمہیں یہ سَب باتیں پہلے سے ہی مَعلُوم ہو چُکا ہے، پھر
بھی میں تُمہیں یاد دِلانا چاہتا ہُوں کہ خُداوَند یِسوعؔ نے اَپنی قوم کو

مُلک مِصر سے چھُڑایا لیکن بعد میں ایمان نہ لانے والوں کو ہلاک
کر ڈالا۔
6 اَور جِن فرشتوں نے اَپنے اِختیار والے عہدہ کو قائِم نہ رکھا بَلکہ
اَپنے مُقرّر خاص مقام کو چھوڑ دیا، اُنہیں خُدا نے اَزلی زنجیروں میں
جکڑ کر عدالت کے دِن تک کے لِئے جہنّم کی تاریکی میں قَید کر رکھا
ہے۔
7 اَور اِسی طرح سدُومؔ اَور عمورہؔ اَور اُن کے آس پاس کے شہروں
کے لوگ بھی اُن اِسرائیلیوں کی طرح جنسی بدفعلی کرنے لگے تھے،
چنانچہ اَبدی آگ کی سزا پا کر ہمارے لِئے باعث عِبرت ٹھہرے۔
8 ٹھیک اُسی طرح یہ لوگ بھی اَپنے خوابوں کی طاقت میں مُبتلا
ہوکر اُن کی طرح اَپنے جِسموں کو ناپاک کرتے ہیں، حُکومت کو
ناچیز جانتے ہیں اَور آسمانی مخلُوق پر کُفر بکتے ہیں۔
9 لیکن مُقرّب فرشتہ مِیکاایلؔ نے بھی حضرت مَوشہ کی لاش کے
بارے میں اِبلیس سے بحث کرتے وقت اُسے لَعن طَعن کرنے اَور مُلزم
ٹھہرانے کی جُرأت نہ کی بَلکہ یہ کہا، ”خُداوؔند تُجھے ملامت کرے۔“
10 مگر یہ لوگ جِن باتوں کا علم بھی نہیں رکھتے، اُن پر بھی لعنت
بھیجتے ہیں اَور جِن باتوں کو مِزاجی طور پر سمجھتے ہیں اُن میں اَپنے
آپ کو بے عقل جانوروں کی مانند ہلاک کر دیتے ہیں۔
11 اِن پر افسوس! کیونکہ یہ لوگ قائنؔ کی راہ پر چلتے ہیں اَور اُنہُوں
نے مالی فائدہ کی خاطِر بِلعاؔم کی سِی غلطی کی ہے اَور قورحؔ کی طرح
مُخالفت کرکے ہلاک ہُوئے۔*

---

* **1:11** گِن 16:1-35

12 یہ لوگ تمھارے ساتھ مَحَبّت کی ضیافتوں[†] پر ایک داغ ھیں جِن
کا ضمیر اُنہیں اِس میں شامل ھوتے وقت تھوڑا بھی مُجرم نہیں ٹھہراتا،
یہ اَیسے چرواھے ھیں جو صِرف اَپنا ھی پیٹ بھرتے ھیں۔ یہ لوگ بے
پانی کے اُن بادلوں کی طرح ھیں جنہیں ھَوا اُڑا لے جاتی ھے، یہ پَت
جھڑ کے اَیسے درخت ھیں جو دو بار مَر چُکے ھیں کیونکہ یہ پھلدار
نہیں ھیں اَور اَپنی جڑ سے اُکھڑے ھوئے ھیں۔
13 یہ سمُندر کی پُرجوش لہریں ھیں جو اَپنی بے شرمی کا جھاگ
اُچھالتی ھیں۔ یہ وہ آوارہ گرد سِتارے ھیں جِن کے لِئے جہنّم کی سخت
تاریکی کا مقام دائمی طور پر مُقرّر کر دیا گیا ھے۔
14 حضرت حنوخؔ[‡] نے بھی جو حضرت آدمؔ سے ساتویں پُشت میں
تھے، اِن کے بارے میں نبُوّت کی تھی کہ، ”دیکھو، خُداوندؔ اَپنے لاکھوں
مُقدّسین کے ساتھ تشریف لا رہے ھیں
15 تاکہ سَب لوگوں کا اِنصاف کریں اَور بےدینوں کو اُن کی سَب
بدکردار حرکتوں کی خاطِر جو اُنہُوں نے بے دینی سے کِئے ھیں، اَور اُن
سَب بے دین گُنہگاروں کو جنہوں نے خُداوندؔ کی مُخالفت میں کُفر بکا
ھے اُنہیں مُجرم ٹھہرائے۔“
16 یہ لوگ ھمیشہ بڑبڑاتے رہتے شکایت کرتے اَور دُوسروں میں
غلطیاں ڈھونڈتے رہتے ھیں۔ یہ اَپنی نَفسانی بدخواھشات کے مُطابق
زندگی گزارتے ھیں اَور اَپنے مُنہ سے بڑی شیخی مارتے ھیں اَور اَپنے
فائدہ کے لِئے دُوسروں کی خُوشامد کرتے ھیں۔

† **1:12** مَحَبّت کی ضیافتوں یعنی عِشائے ربّانی ‡ **1:14** حضرت حنوخؔ عربی زبان میں اِنہیں
حضرت ادریس کہا جاتا ھے۔

## صبر رکھنے کی ھدایت

17 لیکن اَے عزیز دوستوں! ھمارے خُداوؔند یِسوعؔ المسیح کے
رسولوں نے جِن باتوں کو پہلے ھی فرمایا تھا اُنہیں یاد رکھو۔
18 اُنہُوں نے تُم سے کہاتھا، ”آخِری دِنوں میں ٹھٹّھا کرنے والے
ظاھر ھوں گے جو اَپنی بے دینی کی خواھشوں کے مُوافق چلیں گے۔“
19 یہی وہ لوگ ھیں جو تِفرقے ڈالتے ھیں۔ یہ نَفسانی لوگ ھیں جِن
میں خُدا کی رُوح نہیں ھے۔

20 مگر اَے عزیز دوستوں! تُم اَپنے پاک ترین ایمان میں ترقّی کرتے
جاؤ، اَور پاک رُوح کی رھنمائی میں دعا کرتے رھو۔
21 اَپنے آپ کو خُدا کی مَحَبّت میں قائِم رکھو اَور اَبدی زندگی کے
لِئے ھمارے خُداوؔند یِسوعؔ المسیح کی رحمت کے مُنتظر رھو۔

22 بعض جو شک میں مُبتلا ھیں، اُن پر رحم کرو۔
23 اَور باقی لوگوں کو جو گویا اُس اَبدی عذاب کی آگ میں ھیں
اُنہیں جھپٹ کر نکال لو۔ رحم کرتے ھوئے ھوشیار رھو، اَور اُس
پوشاک سے بھی نفرت کرو جو اُن کے بدکار جِسم کے سبب سے داغ
دار ھو گئی ھے۔

## خُدا کی حَمد

24 اَب جو تُمھیں ٹھوکر کھانے سے بچا سَکتا ھے اَور اَپنی پُر جلالی
حُضُوری میں بڑی خُوشی کے ساتھ بے عیب بنا کر پیش کر سَکتا ھے۔

25 اُس واحد خُدا کا جو ہمارا مُنجّی ہے، ہمارے خُداوؔند یِسوعؔ
المسیح کے وسیلہ سے جلال، قُدرت، سلطنت اَور اِختیار جَیسا اَزل سے
ہے، اَب بھی ہو، اَور اَبد تک قائِم رہے۔ آمین۔

# ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica

## Urdu: Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ™
إِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https://creativecommons.org/licenses/by-sa/4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ™
إِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
Biblica Inc کےذریعہ تجارتی رجسٹرڈ اَور سند کی حُقُوق کے متحدہ ھائے ریاست اَور "Biblica" جاتاہے۔ کیا اسیعمال ساتھ کے اجازت وہھیں۔ درج میں دَفتر نشان
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

You include the above copyright and source information.

If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.

If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f